# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Dated : 29 August 2026**

**Time : 07:40 / PM**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ [۱] ----- وزیر اعظم نریندر مودی ازبکستان اور کرغز جمہوریہ کے 4 دن کے دورے پر روانہ۔

✓ [۲] ----- کھیلوں کے قومی دن کی مناسبت سے ملک بھر میں تقاریب کا انعقاد // لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں میں نظم وضبط، اتحاد اور قوم سازی کے جذبے کو بڑھاوا دینے پر دیا زور۔

✓ [۳] ----- سرینگر اور جموں کے درمیان تیسری وندے بھارت ٹرین جلد ہی شروع کئے جانے کا امکان // ڈاکٹر جتندر سنگھ۔

اور

✓ [۴] ----- نیپال میں حالیہ تباہ کن سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد 600 سے زائد جبکہ 2 ہزار افراد ابھی بھی لاپتہ۔

PM

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح ازبکستان اور کرگس جمہوریہ کے 4 دن کے دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔روانہ ہونے وسے پہلے اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ان کے دورے سے اہم نوعیت کی ساجھیداری مستحکم ہوگی اور وسطی ایشیا کے ساتھ تہذیبی روابط گہرے ہوں گے۔وزیراعظم نے کہا کہ حالیہ برسوں میں بھارت اور ازبکستان کے درمیان اسٹریٹجک ساجھیداری میں خاطر خواہ پیش رفت ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دینے کیلئے ازبکستان کے صدر کے ساتھ باہمی بات چیت کریں گے۔یہ وزیرعظم کا اپنے دور اقتدار کے دوران ازبکستان کا چوتھا دورہ ہوگا۔بھارت ازبکستان کے اُن 10 تجارتی شراکت داروں میں شامل ہے، جن کا باہمی تجارت ایک بلین ڈالر ہے۔

قومی دن

آج کھیلوں کا قومی دن ہے۔یہ دن کھیلوں کے مایای ناز کھلاڑی میجر دھیان چند کے یوم پیدائش کے طور پر منایا جاتا ہے۔بھارت کے کھیلوں کے مالامال ورثے کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے یہ دن منایا جاتا ہے اور لوگوں کی اس بات کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کھیلوں کو اپنے روزمرہ کی زندگی کا حصہ بنائیں۔آج کا دن ایک گھنٹہ کھیل کے میدان میں موضوع کے تحت منایا جارہا ہے۔وزیراعظم نریندر مودی نے آج کھیلوں کے قومی دن کے موقعے پر بھارتی ہاکی کے مایاناز کھلاڑی میجر دھیان چند کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔اس سلسلے میں ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی تقریبات کا اہتمام کیا گیا۔

ایل جی

سرینگر میں آج قومی یوم کھیل سے متعلق منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کھیل زندگی کا سب سے سچا استاد ہے جو نوجوانوں میں نظم وضبط، اتحاد اور قوم سازی کے جذبے کو پروان چڑھاتا ہے۔ایل جی نے کہا کہ میجر دھیان چند کے ہاکی سٹک کے ہر وار میں نظم وضبط ،لگن اور قوت ارادی کی جھلک نمایاں ہوتی تھیں۔ایل جی نے میجر دھیان چند کو خراج عقیدت پیش کیا۔منوج سنہا نے زور دے کر کہا ہے کہ کھیل صرف تمغے حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں بلکہ ثابت قدمی، اتحاد اور قوم سازی کے جذبے کو فروغ دینے کا وسیلہ بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک صحت مند، بے خوف اور کھیلوں سے وابستہ بھارت ایک ناقابل تسخیر قوم کی بنیاد ہے۔

-----LG Byte--------

ایل جی نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ کھیلوں کی طاقت اور اتحاد کو بروئے کار لاتے ہوئے زبان اور مذہب کے اختلافات سے بالاتر ہو کر معاشرے کی خدمت کے ساتھ ساتھ آنے والی نسل کی بھی رہنمائی کریں۔

NIT

دریں اثناء NIT سرینگر میں کل سے ’کھیلے گا بھارت، جیتے گا بھارت‘ عنوان کے تحت تین روزہ تقریبات شروع ہوئیں جو کل اختتام پذیر ہونگی۔ یہ تقریبات وزارت کھیل کود کے اہتمام ’فٹ انڈیا مومنٹ‘ کے ایک حصے کے طور پر منعقد ہو رہی ہیں۔ جموں کشمیر میں پچھلے چند سال سے کھیلوں کی اہمیت کافی فروغ پا رہی ہے اور کئی کھلاڑیوں نے قومی اور بین الاقوامی سطح کے کھیل مقابلوں میں اپنا لوہا منوا کر اہم تمغے بھی حاصل کئے ہیں۔

شوپیاں

اُدھر شوپیاں کے انڈور سپورٹس اسٹیڈیم میں آج صوبائی سطح کی Under-17 Girls ٹیبل ٹینس چمپئن شپ اختتام پذیر ہوئی جس میں 10 اضلاع کی 50 کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ فائینل میچ میں سرینگر نے بڈگام ٹیم کو ہرا کر پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ میزبان شوپیاں نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

سکاسٹ

سکاسٹ کشمیر کے شالیمار کمپلیکس میں بھی قومی یوم کھیل منایا گیا۔ ’’ایک گھنٹہ میدان میں‘‘ موضوع کے تحت پروگرام کے دوران طلباء نے کم سے کم ایک گھنٹہ جسمانی سرگرمیوں اور کھیلوں کیلئے وقت کیا۔ پروگرام کا افتتاح ڈین سٹوڈنٹس ویلفیئر پروفیسر ایس اے گنگو نے کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کھیلوں میں حصہ لینے والے طلباء سے بات چیت کی اور انہیں کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں کو اپنے روزمرہ معمولات کا لازمی حصہ بنانے کی ترغیب دی۔

جتندر سنگھ

سائنس و ٹیکنالوجی اور ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا کہ جموں اور سرینگر کے درمیان تیسری وندے بھارت ٹرین جلد ہی شروع کی جائے گی۔ انہوں نے اسے جموں وکشمیر کے لوگوں کیلئے ایک بڑا اقدم قرار دیا۔ ایک ویڈیو پیغام میں جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ ریلوے کی وزارت نے ادھمپور

میں ہالٹ کی منظوری دے دی ہے جس کا لوگوں نے مطالبہ کیا تھا۔ جتندر سنگھ نے اس اقدام کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی، ریلوے کی وزارت اور ریلوے کے وزیر کا شکریہ ادا کیا۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کولگام ضلع میں چکِ صمد کے دورے کے دوران ایک عوامی دربار کا انعقاد کیا جس دوران انہوں نے ایک سڑک پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد بھی رکھا۔ عوامی دربار کے دوران مقامی لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے عوامی مسائل سے بھی آگاہی حاصل کی۔ اس موقعے پر انہوں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ عوامی فلاح و بہبود کے کام کاج سرکار کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں سے تلقین کی کہ وہ پروجیکٹوں کی تکمیل مقررہ مدت کے دوران یقینی بنانے کیلئے آپسی تال میل سے کام کریں۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج بارہ مولہ کے ذہن پورہ کے دورے کے دوران آثار قدیمہ کی طرف سے کھدائی کے کام کے دوسرے مرحلے کا جائزہ لیا۔ ان کے ہمراہ کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر، محکمہ ثقافت کے پرنسپل سیکرٹری، ڈپٹی کمشنر بارہ مولہ اور دیگر کئی سینئر افسران بھی تھے۔ وہاں موجود عوام سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کشمیر کے ثقافتی ورثے سے متعلق جانکاری حاصل کرنے کیلئے آثار قدیمہ کے تحقیقی کام کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے فیلڈ بیسڈ ریسرچ کو فروغ دینے کیلئے یونیورسٹیوں کے رول کو بھی اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وہ طلباء اور سکالروں کو آثار قدیمہ کے کام سے متعلق **Practical** مواقعے فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے دائمی تحقیق کے ذریعے خطے کی تاریخی اور ثقافتی ورثے کو عوامی تشہیر دینے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ اس موقعے پر ضلع انتظامیہ نے آثار قدیمہ کی جگہوں کو تحفظ فراہم کرنے اور کھدائی کے کام میں مکمل تعاون دینے کی یقین دہانی کرائی۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

اسس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

## من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی کل دن میں **11** بجے آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس پروگرام کا **137** واں شمارہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک **AIR** نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن **AIR** موبائل ایپ پر بھی دستیاب ہوگا۔ آکاشوانی سے ہندی نشریے کے فوراً بعد یہ پروگرام علاقائی زبانوں میں بھی نشر ہوگا۔

## نیپال

نیپال اور تبت میں حالیہ تباہ کن سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد بڑھکر **626** تک پہنچ گئی ہے جبکہ دو ہزار سے زائد افراد ابھی بھی لاپتہ ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں بچاؤ کارروائیاں زوروشور سے جاری ہیں اور زندہ بچے افراد کی تلاش بھی جاری ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق **320** بھارتی شہریوں کے ساتھ ابھی بھی رابطہ منقطع ہے جبکہ ترشولی پن بجلی پروجیکٹ پر کام کررہے **63** بھارتی شہریوں کو بچالیا گیا ہے۔ اس دوران بھارت نے نیپال کو انسانی بنیاد پر دی جانے والی امداد کے کام میں اور تیزی کردی ہے۔ **10** ٹن کی امدادی سامان لے کر بھارت کی دوسری پرواز کل شام کاٹھمنڈو پہنچ گئی۔

## کورگامی

گورنمنٹ ڈگری کالج کولگام میں آج ساہتیہ اکیڈمی کی طرف سے نامور صوفی شاعر پرکاش رام کورگامی کی زندگی، کام اور ادبی دین پر ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت کالج کے پرنسپل محمد عباس شاہ نے کی جبکہ شمیمہ ڈولوال مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھی۔ اس موقعے پر کئی معزز شخصیات نے پرکاش رام کورگامی کی زندگی اور اُن کی کشمیری زبان کے تیئں ادبی خدمات پر روشنی ڈالی۔

## ساگر

نیشنل کانفرنس کی جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے کہا کہ اُن کی جماعت نے ہمیشہ اقتدار کو مقصد کے بجائے عوام کی خدمت کا ذریعہ سمجھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی نیشنل کانفرنس کا بنیادی مقصد جموں وکشمیر

کے عوام کو بااختیار بنانا اور ایک ایسا جمہوری ماحول یقینی بنانا ہے جہاں عوام اپنی قسمت کے فیصلوں میں مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ وہ آج پارٹی ہیڈکوارٹر پر پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

اطلاع

آکاشوانی نیوز سرینگر نے واضح کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر کشمیری، اردو، گوجری اور پہاڑی زبانوں کیلئے کیجول نیوز ریڈرس کی بھرتی سے متعلق گردش کرنے والا نوٹیفکیشن جعلی ہے۔ آکاشوانی نیوز سرینگر نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اس جعلی نوٹیفکیشن پر یقین نہ کریں اور کسی بھی معلومات کیلئے صرف محکمہ کی سرکاری ویب سائٹ سے ہی رجوع کریں۔

مولود

عید میلادالنبی ﷺ کی جاری تقریبات کے تناظر میں نوہٹہ سرینگر میں زیارت حضرت شیخ بہاؤالدین گنج بخش ؒ اور حضرت میر سید محی الدین مہدی کاملی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارتگاہوں پر پُر وقار تقریبات کا انعقاد ہوا، جس دوران قرآن خوانی، ختمات المعظمات، درود و اذکار اور مولود خوانی کی مجالس آراستہ ہوئیں۔

میلاد

دریں اثناء ماگام میں بھی جموں و کشمیر انجمن شرعی شعیان کے زیر اہتمام ایک سیرتی محفل منعقد ہوئی اور میلاد جلوس برآمد ہوا جس کی قیادت آغا سید حسن الموسوی الصفوی نے کی۔

احد زرگر

نورہ سرینگر میں کل **30** اگست کو احد زرگر میموریل ریسرچ فاؤنڈیشن کی طرف سے یوم احد زرگر منایا جارہا ہے۔ اس موقعے پر وادی کے نامور گلوکار اپنے فن سے شرکاء کو صوفی کلام سے محظوظ کریں گے۔

تعزیت

ڈائریکٹوریٹ آف ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈلوم کشمیر نے آج ایک تعزیتی اجلاس کے دوران ہینڈی کرافٹس کے سابق ڈائریکٹر غضنفر علی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ شرکاء نے مرحوم کی روح کے ابدی سکون کیلئے دعا کی اور سوگوار خاندان کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## پیشگوئی

محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ جموں وکشمیر میں اگلے 10 روز کے دوران مجموعی طور پر گرم اور مرطوب موسم رہنے کا امکان ہے۔ تاہم مختلف مقامات پر مختصر وقفوں کے دوران بارش اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمے نے 31 اگست اور یکم ستمبر کو موسم مجموعی طور پر گرم رہنے کی پیشگوئی کرتے ہوئے ان دو روز کے دوران مقامی سطح پر ہونے والی بارشوں کے نتیجے میں اچانک سیلاب، مٹی کے تودے گرنے اور زمین کھسکنے کا بھی خدشہ ظاہر کیا ہے۔ محکمہ نے لوگوں کو شدید بارش کے دوران چوکس رہنے کا مشورہ دیا ہے۔ 2 سے 7 ستمبر تک موسم خشک رہنے کی توقع ہے تاہم صبح اور دوپہر کے اوقات میں بعض مقامات پر بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش پڑ سکتی ہے۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26.2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح 6 بجکر 3 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجے ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔